**C**

**CCE PF**
**REVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – 560 003

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್ / ಏಪ್ರಿಲ್ 2019

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2019**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 29. 03. 2019 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **85-U**

Date : 29. 03. 2019 ] **Code No. : 85-U**

# ವಿಷಯ : ಸಮಾಜ ವಿಜ್ಞಾನ

# Subject : SOCIAL SCIENCE

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Fresh)**

**( ಉರ್ದು ಭಾಷಾಂತರ / Urdu Version)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| I. | **معروضی جوابات :** | 10 × 1 = 10 |
| 1. | 1909 میں خصوصی انتخابی حلقہ جاری کرنے کی وجہ | |
| | (A) مسلمانوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے (B) یوروپ کے لئے علٰحدہ انتخابی حلقہ جاری کرنا | |
| | (C) سکھوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے (D) عیسائیوں کے لئے سیٹ ریزرویشن کرنا | |
| | جواب : (A) مسلمانوں کو مخصوص سیاسی مقام دینے کے لئے | 1 |
| 2. | پہلی اینگلو میسور جنگ ختم ہوئی | |
| | (A) معاہدہ میسور (B) معاہدہ مدراس | |
| | (C) معاہدہ منگلور (D) معاہدہ سری رنگاپٹن | |
| | جواب : (B) معاہدہ مدراس | 1 |

Turn over ]

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | | | | مارکس |
|---|---|---|---|---|---|
| .3 | اِن میں کون ہے جس نے 'نیوانڈیا' اخبار جاری کیا | | | | |
| | (A) | راجہ رام موہن رائے | (B) | مہاتما گاندھی | |
| | (C) | اینی بیسنٹ | (D) | دیانند اسرسوتی | |
| | جواب : (C) اینی بیسنٹ | | | | 1 |
| .4 | تنظیم اقوام متحدہ نے انسانی حقوق کا اعلان اِس سال کیا | | | | |
| | (A) | 1945 | (B) | 1950 | |
| | (C) | 1947 | (D) | 1948 | |
| | جواب : (D) 1948 | | | | 1 |
| .5 | اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کا صحیح بیان ہے | | | | |
| | (A) | اِس کے 15 مستقل ممبر ہیں۔ | (B) | اِس کو اقوام متحدہ کی کابینہ بھی کہا جاتا ہے۔ | |
| | (C) | اِس کا صدر دفتر پیارس میں ہے | (D) | حال ہی میں ہندوستان کو مستقل ممبر شپ مل گئی۔ | |
| | جواب : (B) اِس کو اقوام متحدہ کی کابینہ بھی کہا جاتا ہے۔ | | | | 1 |
| .6 | ''نابیناک بھوک'' ہوتی ہے۔ | | | | |
| | (A) | تغذیہ غذا | (B) | ناقص تغذیہ | |
| | (C) | مالداروں کی بھوک | (D) | پرہیزی غذا (Diet) کا توازن | |
| | جواب : (B) ناقص تغذیہ | | | | 1 |
| .7 | کالی مٹی خشک (سوکھی) کاشت کے لئے مناسب ہے کیونکہ | | | | |
| | (A) | یہ شدید بارش والے علاقوں میں پائی جاتی ہے | | | |
| | (B) | اِس مٹی میں پانی کی نمی کو ضبط کرنے کی قوت نہیں ہے | | | |
| | (C) | اِس مٹی میں پانی کی نمی کو ضبط کرنے کی قوت ہوتی ہے | | | |
| | (D) | یہ چمکدار چٹانوں سے بنتی ہے | | | |
| | جواب : (C) اِس مٹی میں پانی کی نمی کو ضبط کرنے کی قوت ہوتی ہے | | | | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 8. | دامودر منصوبہ تعمیر کا نتیجہ ہے<br>(A) دامودر کا آفت بنگال نہ ہونا (B) زمین کے کھسکنے میں اضافہ<br>(C) زلزلے واقع ہونا (D) بہت سے صنعتوں کے علاقے شامل ہونا<br>جواب : (A) دامودر کا آفت بنگال نہ ہونا | 1 |
| 9. | براہ راست ٹیکس کی مثال ہے<br>(A) کسٹم ٹیکس (B) مرکزی جنگی ٹیکس<br>(C) اسٹامپ ٹیکس (D) سرویس ٹیکس<br>جواب : (C) اسٹامپ ٹیکس | 1 |
| 10. | ایک شخص 15 لاکھ روپیوں کی کار خریدتا ہے۔ اب اِس میں کچھ مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ مگر کار کی کمپنی والے جواب نہیں دے رہے ہیں تو یہ شخص کس اجنبی کو شکایت کرنا۔<br>(A) ضلعی گاہکوں کا منچ (B) ریاستی گاہکوں کا کمیشن<br>(C) قومی گاہکوں کا کمیشن (D) بین الاریاستی گاہکوں کا منچ<br>جواب : (A) ضلعی گاہکوں کا منچ | 1 |
| II. | مندرجہ ذیل سوالوں کا **ایک جملے** میں جواب دیں : 14 × 1 = 14 | |
| 11. | شدھی تحریک کو کیوں جاری کیا ؟<br>جواب :<br>ہندو دھرم سے اسلام اور عیسائی مذہب میں تبدیل ہونے والوں کو دوبارہ پھر ہندو دھرم میں شامل کر لینا۔ | 1 |
| 12. | ہندوستانی سپاہیوں نے (رائفل) رائل انفیلڈ استعمال کرنے کی کیوں خلاف ورزی کی؟<br>جواب :<br>ان کے کارتوس گائے اور سور کی چربی سے مڑھے گئے تھے۔ ہندوؤں کے نزدیک گائے مقدس تھی تو مسلمانوں کے نزدیک سور حرام تھا۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .13 | سردار ولبھ بھائی پٹیل کو ہندوستان کا مردآہن کہا جاتا ہے۔ کیوں ؟ | |
| | جواب : | |
| | اِن کی رہنمائی میں ہندوستانی اتحاد میں شامل کرنے کے عمل کو کامیابی سے پورا کیا گیا۔ | 1 |
| .14 | حکومت نے تبت پناہ گزینوں کے مسئلہ کو کس طرح حل کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | حکومت نے میسور ضلع کے ''بیل کوپے'' نامی مقام پر تبت پناہ گزینوں کے لئے تقریباً 3000 ایکڑ زمین کو منظور بھی کیا۔ | 1 |
| .15 | پہلی جنگ عظیم کے بعد امریکہ کی زراعتی علاقوں میں کمی آئی۔ کیوں ؟ | |
| | جواب : | |
| | امریکہ کی معیشت میں کافی گراوٹ آ چکی تھی۔ | 1 |
| .16 | تخفیف اسلحہ کسے کہتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | چند مقررہ قسم کے ہتھیاروں کو مرحلہ بہ مرحلہ روکتے ہوئے اُس کو ختم کرنا ہی تخفیف اسلحہ کہلاتا ہے۔ | 1 |
| .17 | ''دی ریپبلک'' کتاب کس نے لکھی ؟ | |
| | جواب : | |
| | پلوٹو نے | 1 |
| .18 | دیوداسی رواج غیر انسانی ہے۔ کیوں ؟ | |
| | جواب : | |
| | بچپن کی شادی کرنے کے بعد انکو جنسی فروختی کے کام کرانا۔ | 1 |
| .19 | ہندوستان کی کس ریاست میں سب سے زیادہ جنگلات کا علاقہ ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | مدھیہ پردیش | 1 |
| .20 | ندیوں کے ڈیلٹاؤں اور ہندوستان کے مغربی ساحل کے کنارے کونسے جنگلات پائے جاتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | مانگرو کے جنگلات | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | کمپنیوں کی تعمیر کے لئے المونیم کی مانگ زیادہ ہے۔ کیوں ؟ | .21 |
| | جواب : | |
| 1 | تعمیر کے لئے فولاد اور تانبا کے بدلے استعمال کیا جاتا ہے۔ | |
| | آبادی کی کثافت سے کیا مُراد ہے ؟ | .22 |
| | جواب : | |
| 1 | ایک مربع کلومیٹر میں بسے ہوئے لوگوں کی گنجائی کو آبادی کی کثافت کہتے ہیں۔ | |
| | 1993ء میں دستور کے 73ویں ترمیم کیوں جاری کی گئی ؟ | .23 |
| | جواب : | |
| | - پورے ملک میں ایک جیسے پنچایت راج ادارے قائم کئے گئے | |
| 1 | - لامرکزیت کا نظم ونسق (کوئی ایک) | |
| | عالمی یوم صارفین کا دن کب منایا جاتا ہے ؟ | .24 |
| | جواب : | |
| 1 | ہر سال کے 15 مارچ کے دن | |
| 25 × 2 = 50 | مندرجہ ذیل سوالوں کا دو جملوں میں جواب دیں : | .III |
| | جنگ بکسر کی مدد سے انگریزوں کو بہت فائدے حاصل ہوئے۔ واضح کیجئے۔ | .25 |
| | جواب : | |
| | ☆ دیوانی کے حقوق حاصل کئے | |
| | ☆ بنگال پر اپنے تمام حقوق حاصل کئے | |
| | ☆ جنگ کے معاوضہ کے طور پر نواب سے 50 لاکھ روپئے حاصل کئے | |
| | ☆ بنگال کے مکمل انتظام کو کمپنی نے اپنے حوالے کرلیا | |
| 2 | ☆ لگان کی وصولی شروع کی (کوئی دو) | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|

.26 عہد معاونت سے ہندوستان کی ریاستوں کو اپنے قابو میں کیسے کیا ؟

جواب :

☆ انگریزی فوج کے دستے کو اپنی ریاست میں مقیم کرنا

☆ فوج کے خرچ واخراجات کو متعلقہ حکمران ہی کو بھرنا پڑتا تھا

☆ ان کے دربار میں انگریزی افسر (ریسیڈنٹ) کو موقع دلوانا

☆ انگریزوں کی اجازت کے بغیر یوروپی کو مقرر نہیں کرنا

☆ جنگ کرنا ہو تو مشورے کی ضرورت تھی — 2

.27 انگریزی فوج میں ہندوستانی سپاہیوں کی حالت افسوس ناک تھی۔ واضح کیجئے۔

جواب :

☆ ہندوستانی سپاہی، رتبہ، تنخواہیں اور ترقی کے مواقع سے محروم تھے

☆ ہندوستانی سپاہی مذہبی جذبات سے محروم تھے

☆ بیرونی ممالک میں خدمات کے لئے سمندر پار کرنے پر مجبور کیا گیا — 2

.28 درجہ ذیل سوالات کے جوابات اِس تصویر کے تعلق سے لکھئے :



(a) اس تصویر میں دی گئی شخصیت کا نام کیا ہے ؟


(b) ان کی لکھی ہوئی کتاب کا نام کیا ہے ؟

جواب :

(a) بال گنگا دھر تلک

(b) گیتا رہسیا — 2

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | فاشست کی خصوصیات کون کونسے ہیں ؟<br>یا<br>لینن روس کا صدر ہونے پر کون کونسے کارنامے انجام دیئے ؟<br>جواب :<br>☆ والہانہ قومیت<br>☆ آمر حکومتوں کی تباہی<br>☆ تشدد کا خاتمہ<br>☆ نسلی اعتقادات<br>☆ اشتراکی نظریات کا پھیلاؤ | .29 |
| 2 | $4 \times \frac{1}{2}$ ☆ قوم پرستوں کی حمایت (کوئی چار) | |
| | **یا/OR**<br>☆ لینن نے صدر بنتے ہی اعلان کیا کہ زمین کسانوں کی ہے<br>☆ تمام روسی شہریوں کو مفت تعلیم مفت اسپورٹس، صحت وتندرستی کے انتظامات۔<br>☆ معاشی اور سیاسی پالیسیوں کو شروع کیا۔ | |
| 2 | ☆ سائنسی اشتراکی نظریات کو تجرباتی طور پر پیش کیا۔ | |
| | ہندوستان کو دنیا کے تمام ممالک میں سے ایک مضبوط (طاقتور) ملک قرار دیا گیا ہے۔ کیوں ؟<br>جواب :<br>☆ کثیر آبادی<br>☆ کثیر قدرتی وسائل<br>☆ اعلیٰ ذہنی صلاحیت<br>☆ عقلی صلاحیت<br>☆ مستحکم فوجی قوت | .30 |
| 2 | ☆ خاص خارجہ پالیسی | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ہندوستان اور چین کے درمیان سرحدی تنازعہ ہونے کے باوجود وہ کیسے اپنے تعلقات قائم رکھے ہیں ؟ | .31 |
| | جواب : | |
| | ☆ 1980 میں ہندوستان کے ساتھ چین سے تجارت اور لین دین کے بہترین تعلقات کو مضبوط کیا۔ | |
| 2 | ☆ 2015ء کے بعد سے ہندوستان اور چین کے درمیان کوششوں سے برکس ممالک کی تنظیم قائم ہوئی | |
| | بے قابو بھیڑ کیوں سماجی سرگرمی ہوتی ہے ؟ | .32 |
| | جواب : | |
| | ☆ حد درجہ تباہ کن صورت حال پیدا کرتی ہے | |
| | ☆ فرقہ وارانہ فساد | |
| | ☆ عوامی بے اطمینانی - گروہی ٹکر | |
| | ☆ غیر تہذیبی چال چلن | |
| | ☆ موت بھی ہو جاتی ہے | |
| 2 | ☆ خبروں کو پھیلانا | |
| | جنوبی ہندوستان کے نقشہ میں طبعی حصوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔ ان کے نام اور کوئی دو معاشی اہمیت لکھئے۔ | .33 |
| |  | |
| | جواب : | |
| | (a) ساحلی میدان | |
| | (b) قدرتی بندرگاہیں | |
| | ☆ غیر ملکی تجارت کا فروغ | |
| | ☆ ماہی گیری | |
| | ☆ نمک کی پیداوار | |
| | ☆ جہاز رانی | |
| | ☆ زراعت | |
| 2 | ☆ سیاحوں کو متوجہ کرنا (کوئی چار) | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | | مارکس |
|---|---|---|---|
| .34 | ہندوستان کی آب وہوا ایک علاقے سے دوسرے علاقے سے الگ ہوتی ہے۔ کیوں ؟<br>جواب :<br>☆ طول البلدی<br>☆ سطح سمندر سے بلندی<br>☆ ہواؤں کا رُخ<br>☆ پہاڑی سلسلے<br>☆ ساحل سے فاصلے<br>☆ بحری مدوجزر<br>☆ وقوع (کوئی چار) | $4 \times \frac{1}{2}$ | 2 |
| .35 | زراعت ہر حلقہ کی ترقی میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ کیسے ؟<br>جواب :<br>☆ زراعت محصولات - بینکنگ، بیمہ وغیرہ کو معاون ہوتی ہے<br>☆ یہ کئی صنعتوں کو معاون ہے<br>(مثلاً کپاس اور پٹسن یافتہ اور گنے کی صنعتیں)<br>☆ مارکیٹ کی سہولیات فراہم کرتی ہے۔ (کوئی دو) | | 2 |
| .36 | آج کل توانائی کی قلت ہندوستان کا اہم مسئلہ بن گئی ہے۔ کیوں ؟<br>جواب :<br>☆ ناکافی تیل کے ذخائر اور ان کا بحران<br>☆ غیر ماہیتی کوئلہ<br>☆ غیر یقینی بارش کی وجہ<br>☆ برقی قوت کے عمل رسائی کی قوت کا ضائع ہونا<br>☆ غیر روایتی قوتوں کے ذرائع کا محدود استعمال | | 2 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .37 | آج کل ریلوے نقل وحمل سے بہتر سڑکوں کی نقل وحمل ہے۔ وضاحت کیجئے ؟<br>جواب :<br>☆ یہ پہاڑی اور جنگلاتی علاقوں میں بھی تعمیر کئے جاسکتے ہیں<br>☆ یہ دور دراز مقامات کو جوڑنے میں کافی مددگار ہوتے ہیں<br>☆ یہ دور دراز علاقوں کو شہروں اور گاؤں سے جوڑتے ہیں<br>☆ گھر گھر خدمات پہنچاتے ہیں<br>☆ دفاعی شعبہ خصوصاً سرحدی علاقوں کے لئے کارآمد ہوتے ہیں۔ (کوئی چار) | 2 |
| .38 | انسانی ترقی کے اشاریے (HDI) معاشی ترقی کی جانچ کا صحیح پیمانہ ہے۔ سمجھائیے ؟<br>جواب :<br>☆ آبادی کی کثرت زیادہ ہوجائے تو معاشی ترقی کی حقیقی صورت معلوم نہیں ہوتی۔<br>☆ فی کس آمدنی ایک مقبول پیمائشی آلہ ہونے کے باوجود وہ لوگوں کی آمدنی کی مقررہ تقسیم نہیں دکھاتا<br>☆ غذا، رہائش، تعلیم، صحت اور دیگر سماجی سہولیات کی فراہمی کو بھی زیر غور نہیں لاتا۔ | 2 |
| .39 | آفاقیت کے اثرات سے روایتی کھانوں اور عوامی صحت کی بگاڑ پیدا ہورہی ہے۔ کیسے ؟<br>جواب :<br>☆ بے مصرف غذائی اشیاء کا استعمال بڑھ جاتا ہے۔<br>☆ روایتی کھانوں کا استعمال آہستہ آہستہ ختم ہوجاتا ہے۔<br>☆ صحت کا بگاڑ پیدا ہوکر کئی بیماریوں کے لئے مواقع فراہم ہوتے ہیں<br>☆ مہلک جراثیم ساری دنیا میں پھیل رہے ہیں<br>☆ ماحول کی کثافت میں اضافہ | 2 |
| .40 | جنگ پلاسی کے نتائج کیا ہیں ؟<br>جواب :<br>☆ موجود نفاق - غیر انتظامی حالات اور تاجروں کے غلط خیالات کا عکس ظاہر ہوتا ہے<br>☆ میر جعفر بنگال کا نواب بنا<br>☆ بنگال کا صوبے میں تجارت کرنے کے غیر مشروط حقوق حاصل کرنا<br>☆ معاوضے کے طور پر میر جعفر نے کمپنی کو سترہ کروڑ ستر لاکھ روپئے ادا کئے۔ (کوئی دو) | 2 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | 1857 کی بغاوت کے سیاسی اسباب لکھئے۔ | .41 |
| | جواب : | |
| | ☆ ڈلہوزی نے کئی ریاستوں پر قبضہ کرلیا | |
| | ☆ ڈلہوزی نے تنجاور اور کرناٹک کی سلطنتوں کو چھین لیا | |
| | ☆ مغل سلطان اور دوسرے حکمران سے اعزاز و مراتب چھین لیے | |
| 2 | ☆ ہزاروں سپاہی بے روزگار ہو گئے (کوئی دو) | |
| | تیسری اینگلو میسور جنگ کے نتائج کیا ہیں ؟ | .42 |
| | جواب : | |
| | ☆ معاہدہ سری رنگا پٹن پر دستخط | |
| | ☆ ٹیپو نے اپنی آدھی سلطنت چھوڑ دی | |
| | ☆ جنگ کی تلافی کے لئے تین کڑور روپے دیئے | |
| | ☆ گیارنٹی کے طور پر اپنے دونوں بیٹوں کو بطور ضمانت رکھا | |
| 2 | ☆ قیدیوں کی رہائی کی (کوئی دو) | |
| | ہندوستان کی خارجہ پالیسی کے اہم مقاصد کون کونسے ہیں ؟ | .43 |
| | جواب : | |
| | ☆ ملک کی سالمیت | |
| | ☆ ملک کی معاشی ہم آہنگی | |
| | ☆ ہمارے ملک کے ثقافتی اقتدار کو دوسرے ممالک میں پھیلانا | |
| | ☆ دوسرے ممالک کو دوست بنانا | |
| | ☆ مخالف ملکوں کو قابو میں رکھنا | |
| 2 | ☆ عالمی امن اور بھائی چارگی کا ثبوت دینا (کوئی دو) | |
| | محنت کی تقسیم کی اہمیت کیا ہے ؟ | .44 |
| | جواب : | |
| | ☆ مخصوص شعبہ میں گہری مہارت | |
| | ☆ مخصوص شعبہ میں تجربہ یا تربیت | |
| | ☆ زیادہ نفع | |
| | ☆ درجاتی یا گروہی نظام پیدا ہوا | |
| | ☆ تجارت اور کاروبار کا سلسلہ بڑھتا گیا | |
| 2 | ☆ زیادہ سرمایہ (کوئی چار) $4 \times \frac{1}{2}$ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ہندوستان کی آب و ہوا کے موسموں کے نام لکھئے ؟ | .45 |
| | جواب :<br>☆ موسم سرما<br>☆ موسم گرما<br>☆ موسم بارش<br>☆ موسم پسپائی مانسون | |
| 2 | | |
| | ہندوستان میں آبپاشی بہت لازمی ہے۔ کیوں ؟ | .46 |
| | جواب :<br>☆ ہندوستان ایک زرعی ملک ہے<br>☆ زراعت کا انحصار مانسون پر ہے<br>☆ چند فصلوں کو مسلسل اور کثیر پانی درکار ہوتا ہے<br>☆ فصلوں کی پیداوار میں اضافہ | |
| 2 | | |
| | شکر کی صنعت پر اثر انداز ہونے والے عوامل کون کونسے ہیں ؟ | .47 |
| | جواب :<br>☆ خام مال گنّے کی فراہمی<br>☆ سستے نقل وحمل کی سہولیات<br>☆ حکومت کا فروغ<br>☆ بجلی کی فراہمی<br>☆ سرمایہ کی سہولت<br>☆ بازاری سہولیات | |
| 2 | | |
| | بغیر ٹیکس کی آمدنی کے مختلف قسموں کے نام لکھئے ؟ | .48 |
| | جواب :<br>☆ ریزرو بینک سے حاصل ہونے والے منافع<br>☆ ہندوستانی ریلوے سے حاصل ہونے والا منافع<br>☆ محکمۂ ڈاک اور ٹیلیفون سے حاصل ہونے والا منافع<br>☆ عوامی صنعتوں سے حاصل ہونے والا منافع<br>☆ سکّوں اور ٹنکسالوں سے حاصل ہونے والا منافع<br>☆ مختلف قسم کی فیس اور جرمانوں سے ملنے والی آمدنی | |
| 2 | | |


| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | بینک کے کھاتے کی مختلف قسمیں کون کونسی ہیں ؟ | .49 |
| | جواب : | |
| | ☆ بچت کھاتہ | |
| | ☆ چالتی یا چالو کھاتہ | |
| | ☆ مکرر ڈپازٹ کھاتہ | |
| 2 | ☆ مقررہ ڈپازٹ کھاتہ | |
| | چھ جملوں والے سوالات کے جوابات : 6 × 3 = 18 | .IV |
| | ہندوستان کی تاریخ میں 18 ویں صدی کو سیاسی مسائل سے بھرپور صدی کہا گیا ہے۔ وضاحت کیجئے۔ | .50 |
| | **یا** | |
| | ہندوستان میں جاری کئے گئے انگریزی تعلیمی نظام کا قدم جدید اور عقلمند ذہنوں کو پیدا کرنا ہے۔ وضاحت کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ فرانسیسی اور انگریز ہندوستان کی سیاسی معاملات میں دخل اندازی | |
| | ☆ اورنگ زیب کی موت | |
| | ☆ مغلیہ سلطنت کے مستحکم اقتدار کا زوال | |
| | ☆ جنوبی ہندوستان میں مغلیہ سلطنت کی دوڑ بھاگ ختم | |
| | ☆ کرناٹک کے علاقے میں اقتدار کے لئے آپسی جھگڑے | |
| | ☆ چکا دیوراجاوڈیر کی موت | |
| | ☆ ریاست میسور کی سیاسی ترقی میں مضر اثرات | |
| | ☆ ارکاٹ کے نواب، مرہٹہ اور نظام میں آپسی جھگڑے | |
| 3 | ☆ اینگلو میسور کی جنگ لڑی گئی (کوئی چھ) $6 \times \frac{1}{2}$ | |
| | **یا** | |
| | ☆ قومیت کے جذبہ کو فروغ دینا | |
| | ☆ مقامی زبانیں اور ادبی تحقیقات کو بھی فروغ ملا | |
| | ☆ جدید سماجی اور مذہبی اصلاحی تحریکیں جنم لیں | |
| | ☆ ہندوستانی تعلیم یافتہ لوگوں کے غور وفکر اور حالات میں جدت پسندی کی ترغیب دلائی | |
| | ☆ آزادی کی جدوجہد کا اثر | |
| 3 | ☆ ہندوستانیوں کو اپنے تہذیب وتمدن سے واقفیت ملی (کوئی چھ) $6 \times \frac{1}{2}$ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | بے روزگاری ہندوستان کا اہم مسئلہ ہے۔ کیوں ؟ | .51 |
| | **یا** | |
| | تنظیم اقوام متحدہ کے مقاصد کیا ہیں ؟ سمجھایئے۔ | |
| | ☆ کثیر آبادی | |
| | ☆ زائد سائنس وتکنالوجی | |
| | ☆ قدرتی وسائل کی کمی | |
| | ☆ زراعت پر منحصر رہنا | |
| | ☆ گھریلو کارخانہ کا خاتمہ | |
| 3 | ☆ مہارتی تعلیم کی کمی | |
| | **یا** | |
| | ☆ دنیا میں امن اور تحفظ کو برقرار رکھنا | |
| | ☆ ملکوں کے درمیان دوستانہ ماحول کو فروغ دینا | |
| | ☆ انسان کے بنیادی حقوق کے متعلق یقین دہانی کرانا | |
| | ☆ معاشی سماجی ثقافتی اور انسان نوازی کے مسائل کو بین الاقوامی تعاون سے حاصل کرنا | |
| | ☆ بین الاقوامی سطح پر انصاف معاہدوں اور شرطوں پر زور دینا ہی اسکا مقصد ہے | |
| 3 | ☆ ملکوں میں باہمی تعاون کے لئے کام کرنا | |
| | ہندوستان میں چھوت چھات کے خاتمہ کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کونسے ہیں۔ سمجھایئے ؟ | .52 |
| | **یا** | |
| | منظّم مزدوری کے شعبے کی خصوصیات لکھئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ دستور کے 17 ویں دفعہ | |
| | ☆ 1955 میں چھوت چھات سے متعلق جرائم کا قانون | |
| | ☆ 1976 میں شہریوں کے حقوق کے تحفظ کا قانون | |
| | ☆ دستوری قانون کے تحت عوامی حق رائے دہندگی اور مساوات کا حق | |
| | ☆ پس ماندہ ذاتوں کو تعلیم اور روزگاری کے لئے مواقع | |

<table>
<tr><th>سوال نمبرات</th><th>متوقع جوابات</th><th>مارکس</th></tr>
<tr><td></td><td>☆ 1989ء کے تحت حکومت کو ذمہ داری دی گئی کہ وہ ریاستوں میں چھوت چھات کا خاتمہ کریں۔</td><td></td></tr>
<tr><td></td><td>☆ دفعہ 15 - 16 - 17 - 38 - 39 (کوئی چھ) $6 \times \frac{1}{2}$</td><td>3</td></tr>
<tr><td></td><td>یا</td><td></td></tr>
<tr><td></td><td>☆ کام کو پابند قانون کرنا<br>☆ مقرر تنخواہ<br>☆ روزگاری کا تحفظ<br>☆ قانون (دستور) کے تحت تعلقات کو سمجھانا<br>☆ ان کے لئے خصوصی مہارت، ہنر، تعلیمی صلاحیت کے مواقع رہتے ہیں<br>☆ چھٹیوں کے دوران تنخواہ اور وظیفہ یابی کی سہولتیں (کوئی چھ) $6 \times \frac{1}{2}$</td><td>3</td></tr>
<tr><td>53.</td><td>ہندوستان کی معاشی ترقی میں صنعتیں کیسے مددگار ثابت ہوتی ہیں سمجھایئے ؟<br>یا<br>قدرتی اور انسانی قوتیں یہ دونوں زمین کے کھسکنے کا سبب کیسے بنتی ہیں ؟ سمجھایئے۔</td><td></td></tr>
<tr><td></td><td>جواب :<br>☆ صنعتوں کی ترقی سے ابتدائی اشیاء پر انحصار کم ہوتا ہے۔<br>☆ درآمدات میں کمی واقع ہوتی ہے<br>☆ قومی وفی کس آمدنی کا اضافہ ہوتا ہے<br>☆ غیرملکی زرمبادلہ میں اضافہ<br>☆ روزگار کے مواقع<br>☆ جی ڈی پی میں اضافہ<br>☆ لوگوں کا معیار زندگی بلند ہوتا ہے۔ (کوئی چھ) $6 \times \frac{1}{2}$</td><td>3</td></tr>
<tr><td></td><td>یا</td><td></td></tr>
<tr><td></td><td>قدرتی قوتیں :<br>☆ سمندری لہریں ساحلی چٹانوں کی تہہ کو ڈھلوانوں کی جانب ٹکراتی ہیں<br>☆ زلزلے<br>☆ شدید بارش</td><td></td></tr>
</table>

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | | انسانی قوتیں : | |
| | | ☆ جنگلات کی کٹائی | |
| | | ☆ ریلوے لائن اور راستوں کی تعمیرات ندیوں پر باندھ۔ | |
| | | ☆ آبی ذخائر اور ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹس کی تعمیرات | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ گہری کان کنی اور پتھروں کی کھدائی کرنا (کوئی چھ) | |
| | | ریزرو بینک آف انڈیا کے اہم کام کونسے ہیں ؟ | .54 |
| | | **یا** | |
| | | عوامی اخراجات کے مقاصد کونسے ہیں ؟ | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ نوٹ چلن کی خود اختیاری | |
| | | ☆ حکومت کی بینک | |
| | | ☆ بینکوں کی بینک | |
| | | ☆ قومی آمدنی کے مرکز طور پر خدمات | |
| | | ☆ قرض کی حد پر قابو | |
| | | ☆ بیرونی زرمبادلہ کی جمع پونجی کی نگرانی | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ بینکنگ رواج میں ترقی (کوئی چھ) | |
| | | **یا** | |
| | | ☆ معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنا | |
| | | ☆ صنعت کاروبار اور تجارت کی ہمت افزائی کرنا | |
| | | ☆ زراعت اور دیہی ترقی کو فروغ دینا | |
| | | ☆ متوازی علاقوں کو ترقی کو فروغ دینا | |
| | | ☆ سماجی و معاشی بنیادی سہولیات کا انتظام کرنا | |
| | | ☆ مکمل روزگار فراہم کرنا | |
| 3 | $6 \times \frac{1}{2}$ | ☆ سماجی فلاح و بہبودی میں اضافہ کرنا (کوئی چھ) | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 55. | صنعت کار کے عمل (اہم کام) کی فہرست بنایئے۔ | |
| | **یا** | |
| | بینک کا کھاتہ کھولنے کے فوائد کی فہرست بنایئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ صنعت کار تجارتی سرگرمیوں کے کئی منصوبوں کے ذریعہ کرتا ہے | |
| | ☆ صنعت کار پیداواری شعبوں میں استحکام لاتا ہے | |
| | ☆ صنعت کار نکات کو مناسب طریقہ سے نپٹاتا ہے | |
| | ☆ صنعت کار اپنی صنعت کے اقتصاد کے آمد خرچ کا بار سنبھالتا ہے | |
| | ☆ صنعت کار نفع ونقصان اور غیر یقنی صورت حال کا سامنا کرنا پڑتا ہے | |
| | ☆ صنعت کار تجارت کی راہیں معلوم کرکے وہ صحیح طریقہ سے رو بہ عمل لانے کی رہنمائی کرتا ہے۔ | |
| | ☆ صنعت کار پیداواری اشیاء کے بارے میں تکنیکی طور طریق کا فیصلہ لیتا ہے۔ (کوئی چھ) $\frac{1}{2} \times 6$ | 3 |
| | **یا** | |
| | ☆ بینک کھاتوں میں پیسوں کی حفاظت ہوتی ہے | |
| | ☆ بینک کھاتہ رقم ادائیگی کے لئے سازگار ہے | |
| | ☆ بینک کھاتہ پیسے وصول کرنے میں مدد دیتا ہے | |
| | ☆ بینک کھاتے سے قرض اور پیشگی حاصل کر سکتے ہیں | |
| | ☆ بینک کھاتہ با آسانی مالیاتی کاروبار فراہم کرتا ہے | 3 |
| V. | آٹھ/دس جملوں والا سوالات کے جوابات : 4 | |
| 56. | آزادی کی جدوجہد میں کسانوں کی احتجاجی تنظیموں نے نمایاں رول ادا کیا ہے ؟ سمجھایئے۔ | |
| | جواب : | |
| | ☆ کچھ تنظیمیں کانگریس سے متاثر تھیں تو کچھ مارکس کے نظریات سے | |
| | ☆ کسانوں نے زمینداروں اور باغات کے یوروپی مالکان کے خلاف بغاوت کی | |
| | ☆ چمپارن ضلع میں نیل کی کاشت کرنے سے انکار کیا | |
| | ☆ لگان کے خلاف آواز اُٹھائی | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ☆ چمپارن، کھیڈ علاقوں میں کسانوں پر گاندھی جی کا کافی اثر پڑا | |
| | ☆ کسانوں کے مسائل تحریک عدم تعاون، تحریک ترک موالات اور ہندوستان چھوڑ دو سے وابستہ ہو گئے۔ | |
| | ☆ کئی احتجاجات کسان سبھا کے تحت کئے گئے۔ | |
| | ☆ تیلنگانہ کے کسانوں نے بغاوت کر کے زمینداروں کو چنوتی دی | |
| | ☆ بنگالی کسانوں نے زمینداروں کے استحصال کے خلاف آواز اُٹھائی | |
| 4 | ☆ مہاراشٹر میں کسانوں نے کم اجرتوں کے خلاف احتجاج کیا۔ (کوئی آٹھ) $8 \times \frac{1}{2}$ | |
| | ہندوستان کے نقشہ کا خاکہ بنائیں اور اس میں مندرجہ ذیل کو نشان زد کریں : $1 + 3 = 4$ | VI. 57. |
| | a) اندراکول | |
| | b) دریائے کاویری | |
| | c) دہلی | |
| | جواب : | |
| 4 |  | |

| مارکس | | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|---|
| | 4 | **نابینا امیدواروں کے لیے متبادل سوال: (سوال نمبر 57 کی جگہ)** | |
| | | جواب : | |
| | | ☆ آبپاشی کے لئے پانی مہیا کرنا | |
| | | ☆ سیلابوں پر قابو پانا | |
| | | ☆ آبی برقی قوت پیدا کرنا | |
| | | ☆ مٹی کی کٹائی کی روک تھام کرنا | |
| | | ☆ زیر زمین پانی کو بڑھانا | |
| | | ☆ زیر زمین ماہی گیری کرنا | |
| | | ☆ تفریحی مواقع فراہم کرنا | |
| | | ☆ گھریلو اور صنعتوں کے لئے پانی فراہم کرنا | |
| | | ☆ زراعت کے لئے زمین کو دوبارہ قابل کاشت بنانا | |
| 4 | $8 \times \frac{1}{2}$ | ☆ جنگلات کا تحفظ وغیرہ | |